۱۴۳۰/۱/۱
۹ ـــــ ھ
۸۳/۹۲ عارف صاحب

بسم اللہ الرحمن الرحیم

آجکل ٹیلی نار والوں کی طرف سے "Easy Paisa" کے نام سے صارفین کی سہولت کیلئے ایک معاملہ بہت رائج ہو رہا ہے جس کے ذریعے کوئی بھی شخص دوسرے شخص کو باآسانی نقد رقم بھیج سکتا ہے، اسی طرح بجلی، پانی، گیس اور ٹیلیفون وغیرہ کے بل بھی ادا کر سکتے ہیں، جس کا فائدہ صارفین کو ازدحام وغیرہ کی تکلیف سے بچانا ہے، اس میں کچھ اضافی چارجز وصول کیے جاتے ہیں جس میں "ٹیلی نار" اور متعلقہ دوکاندار کا کمیشن ہوتا ہے۔ بعض ساتھیوں نے کہا کہ یہ معاملہ سود کا ہے اسلئے حرام ہے، ہمیں تو اس میں سود نظر نہیں آیا، تاہم ساتھیوں کے کہنے کی وجہ سے ہم پریشانی کا شکار ہیں، مذکورہ معاملہ کی تمام تفصیلات منسلک صفحہ پر ہے، ازراہ کرم اس پر غور فرما کر اپنی تحقیق سے نوازیں، آیا شرعاً یہ معاملہ سود پر مشتمل ہے یا نہیں؟


شہزاد احمد
مانسہرہ کالونی، لانڈھی
0345-893633 6


بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب حامداً و مصلیاً

سائل نے "Easy Paisa" کی جو صورت ذکر کی ہے کہ یہ کمپنی کی طرف سے صارف کو ایک سہولت فراہم کی گئی ہے، جس کے ذریعے کوئی بھی شخص دوسرے شخص کو آسانی رقم کی ایک مخصوص مقدار منتقل کر سکتا ہے، اسی طرح بجلی، پانی، گیس اور ٹیلی فون وغیرہ کے بل بھی کمپنی کے نمائندہ دکاندار کے توسط سے ادا کیئے جا سکتے ہیں، مذکورہ سہولت، رقم منتقل کرنے اور بل جمع کروانے پر کچھ اضافی چارجز وصول کیئے جاتے ہیں، جس میں کمپنی کی فیس، نمائندہ دکانداروں کا کمیشن اور حکومت کی طرف سے عائد کردہ ٹیکس بھی شامل ہوتا ہے، کمپنی کا نمائندہ دکاندار صارف کو لف شدہ کاغذ میں ذکر کردہ شرائط کے مطابق رقم وصول کر کے باقاعدہ اس کی رسید فراہم کرتا ہے۔

مذکورہ معاملہ شرعاً صارف اور کمپنی کے درمیان عقد اجارہ ہے، کمپنی کی طرف سے وصول کیئے جانے والے اضافی چارجز سود نہیں، بلکہ مذکورہ سہولت فراہم کرنے پر جو مشنری، رسید اور دیگر چیزیں استعمال ہوتی ہیں ان کی اجرت ہے۔

لما فی الهندية: "(أما تفسيرها شرعاً) فهي عقد على المنافع بعوض، كذا في الهداية،........ فالإجارة عندنا تنعقد بين المتعاقدين للحال، وتنعقد ساعة فساعة في حق الحكم، وهو


Scanned by CamScanner

الملك على حسب المنفعة، كذا في محيط السرخسي........

ثم الأجرة تستحق بأحد معان ثلاثة: إما بشرط التعجيل أو بالتعجيل أو باستيفاء المعقود عليه، فإذا وجد هذه الأشياء الثلاثة، فإنه يملكها، كذا في شرح الطحاوي".

(كتاب الإجارة، الباب الأول في تفسير الإجارة الخ: ٤/ ٤٠٩، ٤١١، ٤١٣، رشيدية)

وفي تكملة عمدة الرعاية على شرح الوقاية: "قوله: ويكره السفتجة، لأنه قرض وفيه نفع للمقرض لسقوط خطر الطريق ..... ويجب أن يعلم أن التي في زماننا المسماة في لساننا (بهندي: مني آرڈر) ليس من هذا ولا له حكم السفاتج، لأن السفاتج كانت لسقوط خطر الطريق وذا للوصول ....... وهو أن يدفع الدراهم إلى الحكومة ويكتب أن يدفعه في البلد الفلاني إلى الفلاني، فأعوانها يأخذون الدراهم هناو شيأ زائداً لأجرائهم يدفعون المرسل إليه وإن لم يأخذ أو لم يعرف مكانه يردون إلى المرسل......"

(كتاب الحوالة: ٣/ ١١٩، سعيد)

(كذا في امداد الفتاوى، كتاب الربوٰ، سوال: ١٩٢، تحقيق منی آرڈر: ٣/ ١٤٥، دار العلوم کراچی)

(كذا في احسن الفتاوى، كتاب البيوع، باب الربا والقمار، رسائل نوٹوں کا تبادلہ اور منی آرڈر: ٧/ ١٠٦- ١١٠ مکتبہ ایچ-ایم-سعید کراچی) فقط.

والله تعالى أعلم بالصواب

كتبه: أبو حنيفة عارف محمود غفرله

المتخصص في الفقه الإسلامي

بالجامعة الفاروقية بكراتشي

١٣/ ١/ ١٤٣١ هـ

٣١/ ١٢/ ٢٠٠٩ م

الجواب صحيح

الجواب صحيح

٢٥/ ١/ ١٤٣١هـ

جامعہ فاروقیہ — دار الافتاء — شاہ فیصل کالونی نمبر ٤ کراچی (پاکستان)

## جب کسٹمر رقم بھیجنے آئے

### ٹرانزیکشن شروع کرنے سے پہلے

- جتنے پیسے بھیجنے ہیں وہ پوچھیں اور چیک کریں کہ کیا آپ کے پاس مطلوبہ رقم کے مطابق بیلنس موجود ہے
- پیسے بھیجنے والے کا اصل اور کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ دیکھیں۔ اطمینان کریں کہ شناختی کارڈ اصلی ہے اور اس پر لکھی ہوئی معلومات درست ہیں اور قومی شناختی کارڈ کے بغیر Money Transfer ممکن نہیں
- بھیجنے والے کے قومی شناختی کارڈ کی فوٹو کاپی بھی طلب کریں اور چیک کاپی کے ساتھ رسید بک میں محفوظ کریں
- پیسے بھیجنے اور وصول کرنے والے دونوں افراد کے شناختی کارڈ نمبر اور موبائل نمبر پوچھیں اور رسید پر درج کریں اور پیسے بھیجنے والے سے تصدیق کرائیں

### رقم کیسے بھیجی جائے گی؟

- 787#= ڈائل کریں اور Money Transfer سلیکٹ کریں اس کے بعد Send Money کا انتخاب کریں
- بھیجی جانے والی رقم درست طور پر درج کریں
- اطمینان کر لیں کہ پیسے بھیجنے اور وصول کرنے والے افراد کے شناختی کارڈ اور موبائل فون نمبر درست طور پر درج کیے گئے ہیں۔ بھیجنے والے کسٹمر سے ان کی تصدیق بھی کرائیں
- اپنا موبائل فون رقم بھیجنے والے کسٹمر کو دیں تاکہ وہ خفیہ پانچ ہندسوں پر مشتمل "ٹرانزیکشن پاس ورڈ" درج کرے

### رقم بھیجنے کے بعد

- ٹرانزیکشن مکمل ہونے کے بعد Money Transfer کی رسید پر وصول شدہ فیس درج کریں
- رسید پر ٹرانزیکشن ID اور ایجنٹ ID درج کریں
- رسید پر کسٹمر کے دستخط یا انگوٹھے کا نشان حاصل کریں اور رسید کسٹمر کو دے دیں۔ (رسید کی کاربن کاپی اپنے پاس رکھیں)
- تصدیقی SMS کے مطابق منتقل کی گئی رقم وصول شدہ فیس اور ٹیکس کے برابر کسٹمر سے رقم وصول کریں

## جب کسٹمر رقم وصول کرنے آئے

### ٹرانزیکشن شروع کرنے سے پہلے

- جتنے پیسے وصول کرنے ہیں وہ پوچھیں اور چیک کریں کہ کیا آپ کے پاس مطلوبہ رقم کے مطابق بیلنس موجود ہے
- پیسے وصول کرنے والے کا اصل اور کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ دیکھیں۔ اطمینان کر لیں کہ شناختی کارڈ اصلی ہے اور اس پر لکھی ہوئی معلومات درست ہیں اور قومی شناختی کارڈ کے بغیر Money Transfer ممکن نہیں
- وصول کرنے والے کے قومی شناختی کارڈ کی فوٹو کاپی بھی طلب کریں اور چیک کاپی کے ساتھ رسید بک میں محفوظ کریں
- Money Transfer کے لیے ٹرانزیکشن ID پوچھیں

### رقم کیسے وصول کی جائے؟

- 787# ڈائل کریں اور Money Transfer سلیکٹ کریں اس کے بعد "Receive Money" کا انتخاب کریں
- اطمینان کر لیں کہ ٹرانزیکشن ID اور وصول کرنے والے کا شناختی کارڈ نمبر درست طور پر درج کیے گئے ہیں
- اپنا موبائل فون وصول کرنے والے کسٹمر کو دیں تاکہ وہ خفیہ پانچ ہندسوں پر مشتمل "ٹرانزیکشن پاس ورڈ" درج کرے

### رقم وصول کرنے کے بعد

- رسید پر رقم وصول کرنے والے کسٹمر کے دستخط یا انگوٹھے کا نشان حاصل کریں اور رسید کسٹمر کو دے دیں۔ (رسید کی کاربن کاپی اپنے پاس رکھیں)
- تصدیقی SMS کے مطابق "منتقل کی گئی رقم" کے برابر کسٹمر کو رقم ادا کریں۔ رقم وصول کرنے کی کوئی فیس نہیں ہے

## یاد رکھیں

- اپنے پاس ہمیشہ مناسب کیش اور اکاؤنٹ بیلنس رکھیں جو کہ آپ اپنے کسٹمرز کے لیے رقم بھیجنے اور وصول کرتے وقت استعمال کر سکیں
- ہمیشہ کسٹمر کا نادرا کا کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ دیکھیں۔ اطمینان کر لیں کہ شناختی کارڈ اصلی ہے۔ شناختی کارڈ کی فوٹو کاپی بھی طلب کریں اور چیک کاپی کے ساتھ رسید بک میں محفوظ کر لیں
- قومی شناختی کارڈ نمبر، منتقل کی جانے والی رقم، اور ٹرانزیکشن ID درج کرتے وقت احتیاط سے کام لیں
- اس بات کا یقین کر لیں کہ رقم بھیجنے والے کسٹمر کو ٹرانزیکشن پاس کوڈ کی اہمیت اور درست استعمال کا اندازہ ہے
- رسید پر مہر لگائیں، ٹرانزیکشن ID، ایجنٹ ID درج کریں اور کسٹمر کے دستخط یا انگوٹھے کا نشان حاصل کریں
- رقم کی منتقلی کے بعد اپنا اکاؤنٹ بیلنس ضرور چیک کریں

رسید بک کے ختم ہونے سے پہلے اپنے ریٹیل سیلز آفیسر کو اطلاع کریں تاکہ وہ پرانی رسید بک اور قومی شناختی کارڈ کی کاپیز آپ سے جمع کرنے کے لیے آئے اور نئی رسید بک فراہم کرے۔

## قیمت + ٹیکس

| رقم (Rs.) | فیس (Rs.) | فیس پر ٹیکس (Rs.) | کل چارجز (Rs.) |
|---|---|---|---|
| 1-1,000 | 50 | 8 | 58 |
| 1,001-2,500 | 100 | 16 | 116 |
| 2,501-4,000 | 150 | 24 | 174 |
| 4,001-6,000 | 200 | 32 | 232 |
| 6,001-8,000 | 250 | 40 | 290 |
| 8,001-10,000 | 300 | 48 | 348 |

حکومت پاکستان کے قوانین کے تحت فیس پر 16% فیڈرل ایکسائز ڈیوٹی لاگو ہے

## بھیجنے والے دکاندار کا کمیشن

| رقم (Rs.) | کمیشن (Rs.) | کمیشن پر ٹیکس (Rs.) | کل وصول شدہ کمیشن (Rs.) |
|---|---|---|---|
| 1-1,000 | 12 | 1.2 | 10.8 |
| 1,001-2,500 | 24 | 2.4 | 21.6 |
| 2,501-4,000 | 36 | 3.6 | 32.4 |
| 4,001-6,000 | 48 | 4.8 | 43.2 |
| 6,001-8,000 | 60 | 6 | 54 |
| 8,001-10,000 | 72 | 7.2 | 64.8 |

حکومت پاکستان کے قوانین کے تحت کمیشن پر 10% ود ہولڈنگ ٹیکس لاگو ہے۔

## وصول کرنے والے دکاندار کا کمیشن

| رقم (Rs.) | کمیشن (Rs.) | کمیشن پر ٹیکس (Rs.) | کل وصول شدہ کمیشن (Rs.) |
|---|---|---|---|
| 1-1,000 | 8 | 0.8 | 7.2 |
| 1,001-2,500 | 16 | 1.6 | 14.4 |
| 2,501-4,000 | 24 | 2.4 | 21.6 |
| 4,001-6,000 | 32 | 3.2 | 28.8 |
| 6,001-8,000 | 40 | 4 | 36 |
| 8,001-10,000 | 48 | 4.8 | 43.2 |

حکومت پاکستان کے قوانین کے تحت کمیشن پر 10% ود ہولڈنگ ٹیکس لاگو ہے۔

## بار بار پوچھے جانے والے سوالات

**کون رقم منتقل کر سکتے ہیں؟ کیا یہ سہولت صرف Telenor کے صارفین کے لیے ہے؟**

کوئی بھی فرد رقم کا لین دین کر سکتا ہے اور کسی دوسرے فرد کو پیسے بھی بھیج سکتا ہے۔ اس کے لیے رقم بھیجنے اور وصول کرنے والے کے پاس نادرا کا درست کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ اور اس کی فوٹو کاپی کی ضرورت ہوگی۔ پرانا کارڈ قابل قبول نہیں ہوگا۔ بھیجنے یا وصول کرنے والے کے پاس موبائل فون ہونا ضروری نہیں۔ بھیجنے یا وصول کرنے والا Telenor کا یا کسی دوسرے موبائل آپریٹر کا صارف ہو سکتا ہے یا یہ بھی ہو سکتا ہے کہ اس کے پاس موبائل فون نہ ہو۔ موبائل فون ہونے سے انہیں ایک سہولت حاصل ہوگی کہ وہ اپنے موبائل پر تصدیقی SMS وصول کر سکتے ہیں۔

Scanned by CamScanner

## کسٹمرز کہاں سے رقم بھیج یا وصول کر سکتے ہیں؟

رقم بھیجنے یا وصول کرنے کے لیے کسٹمرز اپنے قریبی Telenor سیلز اینڈ سروس سینٹر، تعمیر بینک برانچ، Telenor فرنچائز یا مجاز ایزی پیسہ ریٹیلر سے رابطہ کر سکتے ہیں۔

مجاز دکان دار حضرات کی شناخت کے لیے مجاز بینک کی جانب سے دیا گیا اصل سرٹیفکیٹ دکان پر آویزاں ضرور دیکھیں۔ Telenor غیر مجاز ریٹیلرز کے متعلق کسی بھی قسم کی شکایات کا ذمہ دار نہ ہوگا۔

## رقم کی منتقلی کے لیے کتنا وقت درکار ہوگا؟ رقم وصول کرنے والے کو رقم بھیجنے کے بعد کتنا انتظار کرنا ہوگا؟

رقم بھیجنے کے بعد سسٹم کے ذریعے فوراً منتقل کر دی جاتی ہے۔

## رقم منتقلی کے چارجز کون ادا کرے گا؟

رقم منتقلی کے چارجز رقم بھیجنے والے سے لیے جائیں گے۔ یہ فیس دکان دار کو رقم بھیجتے وقت ادا کرنا ہوگی۔ یہ فیس بھیجی جانے والی رقم سے الگ ہوگی۔ رقم وصول کرنے والے سے کوئی چارجز نہیں لیے جائیں گے۔

## اگر ریٹیلر اپنے اکاؤنٹ میں موجود کمیشن کریڈٹ کے بارے میں معلوم کرنا چاہتا ہے تو کیا کرے؟

اپنے موبائل فون پر بھیجی جانے والی Mini Statement کے علاوہ ریٹیلر مرکزی فرنچائز سے کمیشن اسٹیٹمنٹ کی درخواست کر سکتا ہے۔ فرنچائز ایک درخواست جاری کرے گا اور اسٹیٹمنٹ تعمیر بینک کی ٹیم کی جانب سے ریٹیلر کو دی جائے گی۔

## اگر کوئی ریٹیلر کسی غیر قانونی سرگرمی میں ملوث پایا گیا تو کیا ہوگا؟

کسی غیر قانونی کام کی شکایت کے بعد مکمل تحقیقات ہوں گی اور جرم ثابت ہونے پر جرمانہ کیا جائے گا۔ ریٹیلر کو Telenor کی جانب سے بلیک لسٹ بھی کیا جا سکتا ہے۔

## ریٹیلر کیسے سرٹیفکیٹ کیسے حاصل کر سکتا ہے؟

ریٹیلر مرکزی فرنچائز سے درخواست کرے گا اور یہ سرٹیفکیٹ تعمیر بینک کی ٹیم کی جانب سے ریٹیلر کو دیا جائے گا۔

## کسٹمرز کے لیے رقم کی منتقلی کے لیے ماہانہ کوئی حد لاگو ہے؟

کسٹمرز کے لیے منی ٹرانسفر سروس کے ذریعے رقم منتقلی کی حدود مقرر ہیں

- ایک مہینے میں 10,000 روپے
- ایک مہینے میں زیادہ سے زیادہ 3 بار ٹرانزیکشن
- کسٹمر کی حدود دونوں بھیجنے اور وصول کرتے ہوئے لاگو ہوں گی
- یہ حدود اسٹیٹ بینک آف پاکستان کی پالیسی کے تحت لاگو ہیں

## دکان دار منی ٹرانسفر (بھیجنے اور وصول) کرنے کا اختیار کیسے حاصل کر سکتا ہے؟

منی ٹرانسفر (بھیجنے اور وصول) کرنے کا اختیار حاصل کرنے اور کسی بھی قسم کی مدد اور رہنمائی کے لیے دکان دار 345-545 پر کال کریں

## اپنے علاقے کے دکان داروں کی فہرست کیسے حاصل کی جائے؟

write message آپشن میں جا کر "ep" ٹائپ کریں اور 3737 پر بھیجیں۔ آپشن 2 کا انتخاب کریں اور اپنے علاقے کے دکان داروں کی فہرست حاصل کریں

1156736

مزید تفصیلات کے لیے

دکان دار: 345-545

Telenor کسٹمرز: 345

دیگر کسٹمرز: 111-345-100

easypaisa

# اب کون پریشانی اٹھائے ---
# جب منی ٹرانسفر سیکنڈوں میں ہو جائے

Scanned by CamScanner